**فوری ریلیز کے لیے: 1/12/2022** ***گورنر KATHY HOCHUL***

**گورنر HOCHUL نے کالج کی تیاری میں طلبا کی مدد کے لیے وفاقی فنڈنگ کی مد میں $28 ملین کا اعلان کیا ہے**

***اس گرانٹ سے کم آمدنی والے اور اقلیتی طلبا کے لیے ہائیر تعلیم حاصل کرنے کی راہ ہموار ہو گی***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیویارک کے کم آمدنی والے 6,200 سے زائد طلبا کے لیے کالج اور کیریئر کی تیاری کو بڑھانے کے لیے امریکی محکمہ تعلیم (U.S. Department of Education) کی جانب سے $28 ملین، سات سالہ گیننگ ارلی اویرنیس (Gaining Early Awareness) اور انڈر گریجویٹ پروگراموں کے لیے مسابقتی گرانٹ سے ریاست نیویارک کو نوازا گیا ہے۔ یہ گیئر اپ پروگرام، کالج کے لیے تیاری اور کامیاب ہونے میں، انتہائی غربت والے مڈل اور ہائی اسکولوں میں پڑھنے والے نیویارک کے طلبا کی مدد کرے گا۔

"میری انتظامیہ نے یہ عزم کر رکھا ہے کہ نیویارک کے تمام طلبا کے لیے اعلیٰ تعلیم تک مساوی رسائی میں توسیع کی جائے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "کم آمدنی والے گھرانوں کے طلبا کو وسائل فراہم کرتے ہوئے، ہم پوسٹ سیکنڈری تعلیم کی راہ میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ کر رہے ہیں اور اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ نیویارک کے تمام باشندوں کے پاس ترقی کے مدارج طے کرنے کے لیے درکار طریقے موجود ہوں۔ اپنے طلبا کو کامیابی کے لیے تیار کرنے سے انہیں ہماری ریاست، قوم، اور اس سے کہیں بڑھ کر شاندار مسابقتی فائدہ حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔"

درجہ 7 سے کالج میں اپنے پہلے سال کا آغاز کرنے والے طلبا کو معاونتی خدمات تک رسائی حاصل ہو گی، جس میں ٹیوشن پڑھنے اور ہوم ورک میں مدد، تعلیمی صلاح کاری، رہنمائی، کالج اور کیریئر کی کاؤنسلنگ، مالی خواندگی، کالج کے دوروں، اور موسمِ گرما کی اکیڈمیوں میں داخلہ لینے اور کامیاب ہونے میں مدد شامل ہو گی۔ NYگیئر اپ کی جانب سے والدین اور سرپرستوں کو خدمات اور اساتذہ، صلاح کاروں، اور منتظمین کو ماہرانہ ترقیاتی خدمات بھی فراہم کی جائیں گی۔

یہ لگاتار چوتھا گیئر اپ ایوارڈ ہے جو ریاست نیویارک نے وصول کیا ہے اور امریکی محکمۂ تعلیم کی جانب سے 2022 میں فنڈ شدہ صرف دو ریاستی گیئر اپ ایوارڈز میں سے ایک ہے۔ NYگیئر اپ پروگرام کا نظم و نسق، ریاست نیویارک کی ہائیر ایجوکیشن سروسز کارپوریشن کی جانب سے چلایا جائے گا جس میں سٹیٹ یونیورسٹی آف نیویارک، سٹی یونیورسٹی آف نیویارک، کمیشن برائے خودمختار کالجز اور یونیورسٹیز، ریاست نیویارک کا محکمۂ لیبر، اور دیگر متعدد ریاستی ایجنسیوں کی شراکت داریوں کے ساتھ شراکت داری شامل ہو گی۔

**ریاست نیویارک کی ہائیر ایجوکیشن سروسز کارپوریشن کے صدر ڈاکٹر Guillermo Linares نے کہا،** "ریاست نیویارک گیئر اپ پروگرام سے نیویارک کے ہزاروں طلباء تک پوسٹ سیکنڈری تعلیم پہنچانے میں مدد ملی ہے، اور مجھے بہت خوشی ہوئی ہے کہ نیویارک نے یہ ایوارڈ حاصل کیا ہے تاکہ کم نمائندگی والے زیادہ طلباء کو ایسا تعاون حاصل ہو جس کی انہیں اعلیٰ تر تعلیم میں شرکت اور کامیابی کے لیے ضرورت ہو۔ ہمیں کم آمدنی والے طلباء کے لیے کالج کی راہیں ہموار کرنا جاری رکھنا چاہیئے جنہیں اعلیٰ تعلیم کی راہ میں رکاوٹ بننے والے عدم مساوات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔"

**SUNY کی عبوری چانسلرDeborah F. Stanley نے کہا،** "SUNY کا قیام خاص طور پر زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے طلباء کو قابل رسائی اور سستی تعلیم فراہم کرنے کے لیے کیا گیا تھا۔ اس فنڈنگ سے ریاست نیویارک کی دیرینہ کوششوں کو آگے بڑھانے میں مدد ملے گی تاکہ مزید افراد کالج کی ڈگری کی راہ پر آگے بڑھ سکیں - جس میں ٹیوشن معاونت پروگرام (Tuition Assistance Program) کے ذریعے براہ راست مالی امداد اور تعلیمی مواقع پروگرام (Educational Opportunity Program) کے ذریعے تعلیمی مدد شامل ہے۔ یہ ہمارے طلباء کی کامیابی کے لیے کی گئی ایک سرمایہ کاری ہے، اور اس کا اعزاز گورنر Hochul کے ثابت قدم عزم کو جاتا ہے تاکہ کالج کی ڈگری حاصل کرنے کے اہم مثبت اثرات کے اعتراف میں اعلیٰ تعلیم کو وسیع پیمانے پر دستیاب بنایا جائے۔ میں اپنے وفاقی شراکت داروں کو بھی سراہتی ہوں جنہوں نے گیئر اپ فنڈنگ ان لوگوں کے لیے دستیاب بنائی جن کو اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔"

**CUNY کے چانسلر Félix V. Matos Rodríguez نے کہا،** "گیئر اپ پروگرام ایک اہم اور اشد ضروری مداوا ہے جو شہر کے ہائی اسکولوں میں پڑھنے والے اور امید رکھنے والے ہزاروں طلبا سمیت نیویارک کے کم آمدنی والے گھرانوں کے لیے پوسٹ سیکنڈری تعلیم میں کامیابی کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو ختم کرنے میں مدد کرتا ہے۔ گیئر اپ فنڈز متعدد پروگرامز کو امداد دیں گے جس کے نتیجے میں بہت زیادہ طلباء کو CUNY میں داخل ہونے، اپنی ڈگریاں مکمل کرنے، خوشحال کیریئر شروع کرنے اور اپنے معاشی حالات کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔'

**ریاست نیویارک کے محکمہ لیبر کی کمشنر Roberta Reardon نے کہا،** "گیئر اپ پروگرام ریاست بھر کے طلباء کے لیے زندگی بدلنے والا ایک وسیلہ ثابت ہوا ہے اور میں اسے جاری دیکھ کر بہت خوش ہوں۔ یہ طلبا نیویارک کی مستقبل کی افرادی قوت تشکیل دیں گے۔ انہیں یکساں مواقع اور ایسے راستوں پر آگے بڑھنے کے ہر موقع کا حق حاصل ہے جو کامیاب، مکمل کیریئر کی طرف لے جاتے ہوں۔"

**خودمختار کالجز اور یونیورسٹیز کے کمیشن کی صدر Lola W. Brabham نے کہا،** "نیویارک کو آگے اہم چیلنجز کا سامنا ہے۔ COVID کی عالمی وبا نے بہت گہرے اثرات چھوڑے ہیں، جو نظر آنے والے اور پوشیدہ دونوں طرح کے ہیں، اور اس نے ہمارے انسانی سرمائے کی نزاکت کو عاری کر دیا ہے۔ خوش قسمتی سے، نیویارک کے عالمی معیار کے کالج اور یونیورسٹیاں، سرکاری اور نجی دونوں، ان چیلنجز کا مقابلہ کرنے میں ریاست کی مدد کرنے کے لیے اچھی پوزیشن میں ہیں۔ CICU اور اس کے رکن کالجز اور یونیورسٹیاں ریاست کے ساتھ قریبی شراکت داری میں اس اہم کام کو جاری رکھنے کے موقع کا خیرمقدم کرتی ہیں تاکہ ان طلباء کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہو جو پوسٹ سیکنڈری تعلیم میں داخل ہونے اور کامیاب ہونے کے لیے تیار ہیں۔ گیئر اپ طلباء کی مدد کرتا ہے تاکہ وہ اپنی اعلیٰ ترین صلاحیتوں کو حاصل کرنے کے لیے درکار وسائل اور تعاون وصول کریں۔"

ایوارڈ حاصل کرنے کے لیے درخواست دینے والے اور منتخب ہونے والے اہل اسکولوں اور غیر منافع بخش اداروں کو جنوری میں مطلع کیا جائے گا۔ NYگیئر اپ پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں https://gearup.ny.gov/۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418